Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | بدھ، 12 اگست 2024ء، 6 صفر المظفر 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 134

منشیات کے قلع قمع کیلئے پولیس آپریشنز میں تیزی لائے، وزیراعلیٰ پنجاب

ایک روز میں منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر 344 چھاپے، 197 ملزمان گرفتار، 191 مقدمات درج کئے گئے، ملزمان کے قبضہ سے 315 کلوگرام چرس اور 2294 لٹر شراب بھی برآمد

بین الصوبائی اور بین الاضلاعی اسمگلنگ میں ملوث مجرمان کو قانون کی گرفت میں لا کر قرار واقعی سزائیں دی جائیں ۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

اسلام آباد: وفاقی دارالحکومت میں شدید بارش کے بعد خوبصورت منظر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ڈرگ فری پنجاب ویژن کی تکمیل میں منشیات کے قلع قمع کیلئے پولیس آپریشنز کا تسلسل جاری ہیں ۔ لاہور سمیت صوبہ بھر میں سپرہائوے اور ریجنل افسران کی زیر نگرانی انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے ذریعے منشیات کی لت کی جا رہی ہے، ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ایک روز میں لاہور سمیت صوبہ بھر میں منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر 344 چھاپے مارے گئے ، کریڈ دھندے میں (بقیہ نمبر 2)

سب سے زیادہ نمبر لینے والی طالبہ فاطمہ سعید کو مبارکباد

فاطمہ سعید جیسے طلبہ قوم کا سرمایہ اور روشن مستقبل ہیں، بچوں کی کامیابی پر دلی خوشی ہوتی ہے

ہر طالبہ میرے لئے بیٹی کی مانند ہے، ہمیشہ دعا گو رہتی ہوں، مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے قوم کے نتائج میں پنجاب بھر میں سب سے زیادہ نمبر لینے والی طالبہ فاطمہ سعید کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ہونہار طلبہ قوم کا سرمایہ اور روشن مستقبل ہیں، بچوں کی کامیابی پر دلی خوشی ہوتی ہے ۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فاطمہ سعید کے اساتذہ کرام کو خراج (بقیہ نمبر 3)

برطانوی ماہرین کی نگرانی میں 5 سالہ منصوبہ تیار

حکومتی ذرائع کے مطابق معیشت کی بہتری کا منصوبہ 14 اگست کو جاری کیے جانے کا امکان ہے

اسلام آباد (انٹرنیوز) پاکستانی معیشت کی ترقی کیلئے برطانوی ماہر معاشیات کی نگرانی میں 5 سالہ پلان تیار کرلیا گیا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق معیشت کی بہتری کا منصوبہ 14 اگست کو جاری کیے جانے کا امکان ہے، منصوبے (بقیہ نمبر 6)

بجلی کے بل نے ایک اور محنت کش کی جان لے لی

3 بچوں کے باپ نے بل پر ہونے والے جھگڑے پر دلبرداشتہ ہو کر ٹرین کے آگے آ کر جان دیدی

چونگی (این این آئی) بجلی کے بل نے ایک اور محنت کش کی جان لے لی ۔ تفاصیل کے مطابق کوٹ رادھا کشن نیو پاکستان سٹریٹ کا رہائشی 3 بچوں کا باپ 38 سالہ خیر محمد حکومتی مشکل سے اپنے گھر والوں کا پیٹ (بقیہ نمبر 5)

خیبر میں فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے لیفٹیننٹ شہید

وادی تیراہ میں سیکیورٹی فورسز اور خوارجیوں کے درمیان 9 اگست کو فائرنگ کا تبادلہ ہوا تھا

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) خیبر پختونخوا کے ضلع خیبر کی وادی تیراہ میں سیکیورٹی فورسز اور خوارج کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں زخمی ہونے والے پاک فوج کے لیفٹیننٹ عزیر محمود ملک دوران علاج شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شہید (بقیہ نمبر 4)

لاہور: وزیراعظم شہباز شریف سے سابق وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق ملاقات کر رہے ہیں

سرنے داماد رشید ندیم کو جیکٹس کا تحفہ دینے کا اعلان کر دیا

لاہور (این این آئی) بیورو انویسٹی میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والے ارشد ندیم کے سسر نے داماد کو جیکٹس کا تحفہ دینے کا اعلان کر دیا ۔ انہوں نے کہا کہ داماد رشد ندیم (بقیہ نمبر 38)

حضرت بہاؤالدین زکریاؒ کے 785 ویں سالانہ عرس کی تقریبات شروع

خدام مرید حسین قریشی نے مزار کو ٹھسل دے کر تقریبات کا آغاز کیا، زکریا کا فرقہ کا انعقاد

ملتان (این این آئی) سلسلہ سہروردیہ کے عظیم روحانی پیشوا حضرت بہاؤالدین زکریاؒ کے 785 ویں سالانہ عرس کی تقریبات ملتان میں ان کے مزار پر شروع ہو گئیں، خدام مرید حسین قریشی نے مزار کو ٹھسل دے کر تقریبات کا آغاز کیا جس کے بعد بہاؤالدین زکریا (بقیہ نمبر 37)

آئین میں اقلیتوں کو ان کے حقوق کا مکمل تحفظ دیا گیا، کچھ دلخراش واقعات بھی ہوئے، مجرموں کو کٹہرے میں لایا گیا

پاکستان کی تعمیر و ترقی اقلیتوں کا اہم کردار: شہباز شریف

بدقسمتی سے غزہ میں مسلمانوں پر جو مظالم ڈھائے جا رہے ہیں اس کی وجہ سے ہماری جشن آزادی کی خوشیاں ماند پڑ گئی ہیں، 'وزیراعظم کا اقلیتوں کے دن کے حوالے سے تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتوں کا کلیدی کردار ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ اقلیتی برادری نے پاکستان کے ساتھ اور دل اور ایٹمسٹمنٹ کا اظہار کیا ہے اور ساری قوم اس کو خراج تحسین کی نظر سے دیکھتی ہے، آئین میں اقلیتوں کو ان کے حقوق کا مکمل تحفظ دیا گیا ہے، یوم آزادی کی آمد آمد ہے لیکن بدقسمتی سے غزہ میں مسلمانوں پر جو مظالم ڈھائے جا رہے ہیں اس کی وجہ سے ہماری جشن آزادی کی خوشیاں ماند پڑ گئی ہیں، فلسطین میں دن رات آگ برس رہی ہے اور دنیا خاموش ہے، عالمی ادارے جو امن کے لئے دہائیوں پہلے معرض وجود میں لائے گئے تھے کہ دنیا میں امن قائم کریں وہ قرارداد یں پاس کرتے ہیں لیکن ان کے (بقیہ نمبر 3)

لیفٹیننٹ عزیر محمود ملک کی شہادت پر انہیں خراج عقیدت پیش

اپیکٹر سردار ایاز صادق کا شہید لیفٹیننٹ عزیر محمود ملک کے اہلخانہ سے تعزیت کا اظہار، شہید کے اہلخانہ کے دکھ اور غم میں برابر کا شریک ہوں

لیفٹیننٹ عزیر محمود ملک نے بہادری سے آپریشن قیادت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا، ہم ان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، اپیکٹر سردار ایاز صادق

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اپیکٹر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا وادی تیراہ میں خوارج و دہشتگردوں کے خلاف کارروائی میں زخمی ہونے والے لیفٹیننٹ عزیر محمود ملک کی شہادت پر انہیں خراج عقیدت ، اپیکٹر سردار ایاز صادق کا شہید لیفٹیننٹ عزیر محمود ملک کے اہلخانہ سے تعزیت کا اظہار، شہید کے اہلخانہ کے دکھ اور غم میں برابر کا شریک ہوں، لیفٹیننٹ عزیر محمود ملک نے بہادری سے آپریشن قیادت (بقیہ نمبر 3)

جام شہادت نوش کرنے والے لیفٹیننٹ عزیر محمود ملک شہید کا جسد خاکی نماز جنازہ کیلئے لایا جا رہا ہے

ہند و میرج ایکٹ اور کرسچن پرسنل لا پر کام جاری ہے، مریم نواز

پنجاب سکھ میرج ایکٹ نافذ کرنے والا پہلا صوبہ ہے، ہندو میرج ایکٹ اور کرسچن پرسنل لا پر کام جاری ہے

اقلیتی برادری کے لیے 2 ارب 85 کروڑ روپے کا ریکارڈ بجٹ مختص کیا، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز

لاہور (آئی آئی پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ اقلیتوں کو برابر کے حقوق دینے کے مساوی مواقع میسر ہیں ۔ اقلیتوں کے حقوق کے فروغ میں اپنے پیغام میں مریم نواز نے کہا کہ پنجاب سکھ میرج ایکٹ نافذ کرنے والا پہلا صوبہ ہے، ہندو میرج ایکٹ اور کرسچن پرسنل لا پر کام جاری ہے ۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتی برادری کے لیے اب 85 کروڑ روپے کا ریکارڈ بجٹ مختص کیا، مریم نواز کا کہنا ہے (بقیہ نمبر 9)

وفاقی وزیر مخصوص بیوری ایسن اقبال ایکسپو سنٹر میں 6 روزہ ٹیکنالوجی پلاسٹک ریسائیکلنگ ایکسپو کا افتتاح کر رہے ہیں

14 اگست سے ترکیہ کو فری آن ارائیول ویزا کی سہولت میسر ہوگی، وزیر داخلہ

وزیر داخلہ محسن نقوی نے ترکیہ کے سفیر کی ملاقات، سیکورٹی، پولیس اور سول آرمڈ فورسز کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

ترکیہ حکومت کی دعوت پر اکتوبر میں ترکیہ کا دورہ کروں گا، دورے میں باہمی اشتراک کار بڑھانے پر نتیجہ خیز اقدامات تجویز کریں گے، محسن نقوی کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر مہمت پاچاجی کے ملاقات کی جس میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزارت داخلہ اور ترکیہ کے سفیر کا خیرمقدم کیا۔ ملاقات میں پاکستان ترکیہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی جائزہ خیال کیا گیا اور پاکستان اور ترکیہ کے مابین سیکورٹی، پولیس اور سول آرمڈ فورسز کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر انٹیلیجنس پروگرام کے تحت پاکستانی پولیس افسران کو تربیت کیلئے ترکیہ بھیجنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے (بقیہ نمبر 4)

شاہ کوٹ تیز رفتار مزدے اور ٹریکٹر میں تصادم

حادثہ کے نتیجہ میں خاتون سمیت ایک بچہ جاں بحق 2 افراد شدید زخمی

نکانہ صاحب (این این آئی) شاہ کوٹ بین جی ٹی روڈ نزد داؤ ہاؤس تیز رفتار مزدے اور ٹریکٹر میں تصادم ہوا، اطلاع پا کر ریسکیو 1122 کا عملہ وہاں پہنچا، حادثہ کے نتیجہ (بقیہ نمبر 2)

لاہور: وفاقی وزیر برائے بیکاری، بورڈ آف انوسٹمنٹ اور مواصلات عبدالعلیم خان نے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کے ہمراہ 9 ویں پاکستان ٹف ویئر، میٹرل اور مشینری شو کا افتتاح کیا

ڈریپ سے ادویات کی قیمتوں کے تعین کا اختیار واپس لینے کا فیصلہ

وزیر قانون کی سربراہی میں کمیٹی نے تجاویز کی تیاری شروع کر دی

لاہور (این این آئی) ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان سے ادویات کی قیمتوں کے تعین کا اختیارات واپس لینے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ جی ٹی روڈ کے مطابق جان بچانے والی (بقیہ نمبر 6)

ارشد ندیم کی آبائی گاؤں آمد پر شاندار استقبال، فضا پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی

اولمپک چیمپئن ارشد ندیم کی پروازات ایک بج کر 25 منٹ پر لاہور کے علامہ اقبال ایئرپورٹ پر پہنچی

92.9 میٹر تھرو کر کے نیا اولمپک ریکارڈ قائم کیا۔ میجر چوہدری ثقہ راؤ نے فائنل میں ارشد ندیم نے پاکستان کو 40 سال بعد گولڈ میڈل جتوایا

لاہور (انٹرنیوز) پیرس اولمپکس میں گولڈ میڈل جیتنے والے نوجوان ہیرو ارشد ندیم کا پاکستان پہنچ گئے، لاہور اور ایئرپورٹ پر گولڈ میڈلسٹ کا فقید المثال استقبال کیا گیا، پرستاروں کی جانب سے مجنوں کے پھول چھاور کئے گئے ۔ اولمپک چیمپئن ارشد ندیم کی پروازات ایک بج کر 25 منٹ پر لاہور کے علامہ اقبال ایئرپورٹ پر پہنچی، ارشد ندیم کے طیارے کو ایئرپورٹ پر واٹر کینن سلیوٹ پیش کر کے خوش آمدید کہا (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی بار کے سے زیادتی کی کوشش کرنیوالا ملزم پکڑا گیا

راولپنڈی (این این آئی) جاتی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 15 سالہ لڑکے سے زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق جاتی پولیس کو ستارہ فورٹ نے درخواست دی کہ مقدمہ نے بچانے سے گھر سے بلا کر زیادتی کی کوشش کی، جاتی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 15 سالہ لڑکے سے زیادتی (بقیہ نمبر 41)

سمجھوتی کے امام شیخ صلاح الدین سے وفاقی المدارس کے وفد کا گروپ فوٹو

تعلیمی بورڈ انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو کے نتائج کا اعلان 4 ستمبر کو کریں گے

پیپروں کی مارکنگ تیزی سے جاری ہے، پیپر کی مارکنگ مکمل ہونے کے بعد نتائج کا اعلان کر دیا جائے گا

خانق گھمرا (این این آئی) پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو کے نتائج کا اعلان 4 ستمبر کو کریں گے، جبکہ پارٹ ون کے نتائج کا اعلان یکم اکتوبر کو کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے نتائج (بقیہ نمبر 5)

کراچی میں پراپرٹی ٹیکس اب بلدیاتی ادارے وصول کریں گے

نوٹیفکیشن کے مطابق 3 ماہ تک بلدیاتی اداروں کی اس معاملے سے متعلق معاونت کی جائیگی

کراچی (این این آئی) نگلہ کیسا انرایڈ ٹیکسیشن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے جس کے مطابق اب پراپرٹی ٹیکس کی وصولی بلدیاتی ادارے کریں گے۔ کراچی میں پراپرٹی ٹیکس کا ریکارڈ بلدیاتی اداروں کے حوالے کر دیا گیا۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن (بقیہ نمبر 6)

ملک کی تعمیر و ترقی کیلئے اقلیتی برادری کا کردار قابل ستائش ہے

آئین پاکستان ملک میں بسنے والی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے، اپیکٹر قومی اسمبلی سردار صادق کا پیغام

پاکستان میں اقلیتوں کو اپنی مذہبی رسومات منانے کی مکمل آزادی حاصل ہے، ڈپٹی اپیکٹر قومی اسمبلی سید میر غلام مصطفیٰ شاہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اپیکٹر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر پوری ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے اقلیتی برادری کا کردار قابل ستائش ہے ، اپیکٹر قومی اسمبلی آئین پاکستان ملک میں بسنے والی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے ، اپیکٹر قومی اسمبلی اقلیتی برادری نے ہمیشہ ملک کی خاطر بے مثال قربانیاں دی ہیں، سردار ایاز صادق اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی، چوری کی واردات میں ملوث ملزم گرفتار

ملزم سے چوری شدہ لاکھوں روپے مالیت کی پرنٹنگ مشین برآمد ہوئی

راولپنڈی (این این آئی) بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری کی وارادت میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے چوری شدہ لاکھوں روپے مالیت کی پرنٹنگ مشین برآمد کر لی ۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری کی وارادت میں ملوث ملزم طارق کو گرفتار کر لیا ملزم سے چوری شدہ لاکھوں روپے مالیت کی پرنٹنگ مشین برآمد کر لی ۔ (بقیہ نمبر 8)

چھپن چھپائی کھیلتے آٹے کے ڈرم میں بند ہونے سے 10 سالہ بچی جاں بحق

ریسکیو ٹیم کے مطابق آٹے کا ڈرم لاک ہونے کے باعث بچی کا دم گھٹ گیا

گوجر خان (این این آئی) گوجر خان میں چھپن چھپائی کھیلتے ہوئے ایک کھلے تک آٹے کے ڈرم میں بند رہنے کے باعث 10 سالہ بچی جاں بحق ہوگئی۔ ریسکیو ٹیم کے مطابق یہ افسوس ناک واقعہ ایاں کالونی میں پیش آیا۔ ریسکیو ٹیم نے بتایا کہ 3 بہنیں گھر میں چھپن چھپائی کھیل رہی تھیں، اس دوران کھیلتے ہوئے بچی گھر کی دوسری منزل پر چڑھ آئے (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ترکی کے سفیر ڈاکٹر مہمت پاچاکی کو دوسنٹر پیش کر رہے ہیں

اکاڑہ: نویں جماعت میں فیل ہونے پر بھائی نے بہن کو قتل کر دیا

اکاڑہ (این این آئی) اکاڑہ میں نویں جماعت میں فیل ہونے پر بھائی نے بہن کو قتل کر دیا۔ اکاڑہ پولیس کے مطابق نویں جماعت میں فیل ہونے پر بہن بھائی میں جھگڑا ہوا تھا۔ پولیس نے بتایا ہے کہ جھگڑے کے دوران بھائی نے بہن کو قولی ماردی جس سے دو جاں بحق ہوگئی۔

لاہور میں صبح سویرے موسلا دھار بارش سے موسم خوشگوار، نشیبی علاقے زیر آب

لاہور (این این آئی) لاہور کے مختلف علاقوں میں علی الصبح ہونے والی موسلا دھار بارش اور ٹھنڈی ہواؤں سے موسم خوشگوار ہو گیا جبکہ نشیبی علاقے زیر آب آ گئے۔ سوہاوا، دارالحکومت کے مختلف علاقوں گلشن چوک، ایبٹ روڈ، شملہ پہاڑی اور مال روڈ کے (بقیہ نمبر 3)

شجاع آباد میں موٹر وے ایم 5 پر کار کو حادثہ، 2 افراد جاں بحق

حادثے میں خاتون سمیت 4 بچے زخمی ہو گئے، مادھو کے ڈرائیور کو نیند آنے کی وجہ سے پیش آیا

شجاع آباد (این این آئی) پنجاب کے شہر شجاع آباد میں موٹر وے ایم 5 پر کار کو حادثہ پیش آ گیا، حادثے میں 2 افراد جاں بحق اور خاتون سمیت 4 بچے زخمی ہو گئے ۔ ملتان کی تحصیل شجاع آباد میں تھانہ داد انٹر چینج کے (بقیہ نمبر 1)

فرائیڈے ٹی وی کی ٹیم کا ٹریفک وارڈنز کو خراج تحسین

ٹریفک وارڈنز کی خدمات قابل ستائش ہیں، فرائیڈے ٹی وی کی ٹیم کا ٹریفک وارڈنز کو خراج تحسین

لاہور (این این آئی) فرائیڈے ٹی وی کی ٹیم کا ٹریفک وارڈنز کو خراج تحسین ۔ ٹریفک وارڈنز کی خدمات قابل ستائش ہیں،

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

دہشتگردی میں تین جوان شہید، چار خوارج جہنم واصل

خیبر کی وادی تیراہ میں تین مقامات پر سکیورٹی فورسز اور دہشتگردوں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ شدید فائرنگ کے تبادلے میں سکیورٹی فورسز کے تین جوان شہید جبکہ بھرپور کارروائی میں چار خوارج مارے گئے۔

اپریشن ضرب عضب سے دہشت گردوں کی کمر توڑ دی گئی تھی۔ ان میں سے زیادہ تر راہ فرار اختیار کر کے افغانستان چلے گئے تھے۔ افغانستان کی سرزمین ایک عرصے سے پاکستان میں دہشت گردی کے لیے بھارت استعمال کر رہا ہے۔ بھارت کے ساتھ پہلے حامد کرزئی اور اشرف غنی کی حکومت تعاون کرتی رہی۔ آج طالبان حکومت ان سے بڑھ کر اپنی سرزمین میں دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے دینے کی نہ صرف اجازت دے رہی ہے بلکہ دہشت گردوں کی پشت پناہی بھی کر رہی ہے۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق افغانستان میں سب سے بڑا دہشت گرد گروپ پاکستان سے بھاگے ہوئے کالعدم ٹی ٹی پی کے لوگ ہیں جو امریکہ کا چھوڑا ہوا اسلحہ استعمال کر رہے ہیں۔ ان کو طالبان حکومت کی پشت پناہی حاصل ہے۔ اقوام متحدہ کی رپورٹوں سے پہلے بھی پاکستان پر واضح تھا کہ کالعدم ٹی ٹی پی کے کہاں کہاں ٹھکانے ہیں اور وہ پاکستان میں کس طرح دہشت گردی میں ملوث ہے۔ پاکستان کی طرف سے ٹی ٹی پی کے ٹھکانوں کو افغانستان کے اندر نشانہ بھی بنایا گیا تھا۔ اب اقوام متحدہ صرف رپورٹوں پر ہی اکتفا نہ کرے بلکہ افغانستان میں موجود دہشت گردوں کے ٹھکانے ختم کرنے کے لیے عملی اقدامات کی طرف بھی آئے۔ دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ کرنے کے لیے آج وسیع تر قومی اتحاد کی ضرورت ہے۔ نیشنل ایکشن پلان پر اگر نظر ثانی کی ضرورت ہے تو وہ ضرور کرنی چاہیے خصوصی طور پر دہشت گردوں کے سہولت کاروں پر آہنی ہاتھ ڈالنے کی ضرورت ہے۔ افغان پناہ گزینوں کے بھیس میں چھپے ہوئے دہشت گردوں اور سہولت کاروں کو جتنا جلد ممکن ہو سکتا ہے نکال باہر کیا جائے۔

گنج ہائے گراں مایہ



حاجی ملک میاں محمد اعوان (فرخندہ دادی سون)

تحریر: فرحت مشتاق، نوشہرہ (دادی سون)

مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم!
تو نے وہ اے گنج گراں مایہ کیا کیا!

میں ایک طویل عرصہ سے ایک سادہ لوح، معزز و مستبر شخصیت کے بارے میں لکھنا چاہتی ہوں۔ آج بھی لفظوں کا چناؤ میرے جذبات کا عکاس نہیں ہو پا رہا۔ کہاں سے شروع کروں؟ کیسے شروع کروں اور کیسے لکھوں؟ میں نے اس کام کی ابتداء کرنے کی کوشش میں تقریباً چالیس سال سے زیادہ عرصہ گزار دیا ہے۔ اب خود کو چراغ سحری محسوس کرنے لگی ہوں تو لکھنے کی جسارت کر رہی ہوں۔ حاجی ملک محمد صاحب 10 اگست 1905ء میں دادہ سون کے مرکزی قصبہ نوشہرہ، ضلع خوشاب میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد محترم کا نام حاجی فتح محمد المعروف وڈمید ار تھا۔ اعوان خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ متوسط زمیندار گھرانے سے تعلق رکھتے تھے۔ نوشہرہ کے مقامی سکول سے مڈل کا امتحان پاس کیا۔ اس وقت کے ضلعی صدر مقام شاہپور سے میٹرک اور میانوالی سے ایس وی (سینئر ورنیکلر) کا امتحان پاس کیا۔ او چھالی، کھوڑہ، پیل، نوشہرہ اور مردوال کے سکولوں میں بطور ہیڈ ماسٹر فرائض منصبی سرانجام دیے۔ وہ خوش پوش و خوش لباس تھے۔ گھر میں تہبند اور سر پر کلاہ پر پگڑی پہنتے۔ سکول جاتے تو شلوار قمیص استعمال کرتے۔ بول چال میں دھیما پن تھا۔ بے انتہا خلیق اور ملنسار تھے۔ نصیحت کرنے کا انداز اتنا دلکش تھا کہ ہم نہ چاہتے کے باوجود عمل کرتے۔ اور ان کی محفل میں پیر وں بیٹھتے۔ خاص کر سردیوں کی شامیں اور راتیں بہت خوبصورت اور یادگار ہوتیں۔ وہ اپنے بچپن، جوانی اور دوران ملازمت کے قصے اتنے خوبصورت انداز میں بیان کرتے کہ ہم بار بار ان سے سننے کی فرمائش کرتے۔ وہ اکثر اپنے یادگار سفروں کا حال سنایا کرتے اور خاص کر ایک سفر کا ذکر تو بہت شوق سے کرتے۔

کہتے ہیں کہ ایک بار شاہپور (جو اس وقت ضلع کا درجہ رکھتا تھا) کسی انٹرویو کے لیے جانا ہوا۔ میرے ہمراہ میرے قریبی دوست عبدالغنی ناز (آپ کا تعلق پیل سے تھا) اور چند دیگر احباب تھے۔ اس وقت وادہ سون میں ٹریفک کا کوئی معقول انتظام نہ تھا۔ اکثر پیدل سفر کرنا پڑتا تھا۔ نوشہرہ سے جنوب کی جانب "تنجا پھاڑ" ہے۔ راستہ انتہائی خطرناک اور دشوار گزار تھا۔ لہذا ہم بھی اسی راستے پر چل پڑے۔ رات کے سائے گہرے ہوتے جا رہے تھے۔ راستہ تلاش کرنا مشکل ہو رہا تھا۔ ہم لوگ تھک چکے تھے۔ کچھ ستانے کے لیے رکے تو سب کی آنکھ لگ گئی۔ سحر کے وقت پو پھٹنے لگی تو آنکھ کھلی۔ کیا دیکھتے ہیں کہ جہاں آرام کے لیے رکے تھے، اس سے آگے گہری کھائی تھی۔ اگر ہم اندھیرے میں چلتے چلتے آگے بڑھتے تو سب کھائی میں گر جاتے اور کسی کو خبر بھی نہ ہوتی۔ قدرت کاملہ نے ہمیں بال بال بچایا۔ سب نے نماز ادا کی۔ شکرانے کے نفل ادا کیے اور وہیں پہ جناب عبدالغنی ناز صاحب نے خوبصورت غزل کہہ ڈالی۔ جس کا پہلا مصرع یوں ہے:

ہر رات کا فی خدا خدا کر کے

سردیوں میں تقریباً ہر روز رات کے کھانے کے بعد بچپن میں ہی محفل سجتی۔ (پکن کیا تھا، اچھا خاصا بڑا کمرہ تھا جس میں آگ کا الاؤ جلتا رہتا تھا۔ موٹی موٹی چٹائیوں کے اوپر چادریں بچھی ہوتی تھیں۔ وہاں سے اٹھ کر سونے کے لیے کمروں میں جانے کو جی ہی نہیں چاہتا تھا)۔ باتوں باتوں میں دینی مسائل سمجھاتے۔ مشروخی کی بات چلتی تو بیت بازی کرواتے۔ اپنے علاقے کی روایات ٹھیٹ پنجابی میں بہت خوبصورت انداز میں بیان فرماتے۔

*آکھیوں انہی تے لکھے دیاں دھاریاں
*آکھیوں انہی تے ناں فوریری
*سروں لکھی تے لکھیاں دے جوڑے
*جنتر دساکھ بھولو

جیٹھ ہاڑ سنوئیے
ساون بھدروں نا دیئے
*اسوں کتوں تھوڑا تھوڑا کھادیئے
نے حکیم تھمن کیوں جادیئے
*اسوں سیالہ تھیا
کتوں وڈا ہو
مگھر دا جاں چڑھیاں
پوہ ٹرانی ہو
ماہاں سیالہ ماریا
پھگن کیتا سو

خوبصورت مزاحیہ انداز میں موسموں کی تبدیلیوں کا ذکر کر کے ہمارے علم میں اضافہ فرماتے۔ مزید فرماتے:

*پاؤں گرم، پیٹ نرم، سر ٹھنڈا، حکیم آئے تو اس کو مار ڈنڈا

*مایہ کے تین نام۔ پرسو، پرسا، پرس رام

روزانہ ڈائری لکھنا ان کا من پسند مشغلہ تھا۔ اپنے پورے خاندان کے بچوں کی تاریخ پیدائش اور اپنے خاندان کے جو لوگ عالم بقا کی طرف روانہ ہو گئے، ان کی تاریخ وصال کا اندراج کر چکے تھے۔ اپنی سروس کی ابتدا سے انتہا تک ایک ایک بات تاریخ تقرری، تبادلہ جات، تنخواہ، جی۔پی فنڈ کا تفصیلی ذکر ان کی ڈائری میں موجود تھا۔ یہی نہیں بلکہ خاندان کے تمام ملازمت پیشہ افراد کا تمام تر ریکارڈ رکھتے تھے۔ دادہ سون کے ہر دیہات میں ان کے شاگردوں کی کثیر تعداد موجود رہی ہے۔ ان میں سے بہت سے فوج اور سول سروسز میں اعلیٰ عہدوں پر فائض رہے ہیں۔ وہ جب اپنے استاد محترم سے ملتے تو بتقاضائے ادب برابر بیٹھنے سے ہچکچاتے۔ ان کے ایک شاگرد وشید نے اپنے چیلے کو اپنے استاد محترم کا تعارف کچھ اس طرح کروایا۔ میں ان کی محبت اور احترام کے جذبے کو ہو بہو لکھنے کی کوشش کروں گی۔ سرگودھا ڈویژن کی چوٹی کے وکیل جناب حامد رب نواز نے بتایا کہ ایک بار میں اپنے والد صاحب کے ہمراہ ان کے استاد محترم کے گھر آیا۔ میں چھوٹا سا تھا۔ بے شوق سے گھر کے بڑے دروازے سے اندر جانے لگا تو انہوں نے مجھے روک لیا اور کہا کہ اس گھر میں داخل ہونے کے کچھ آداب ہیں نے انپار کے ہیں۔ جو یوں ہیں۔ پہلے کلمہ طیبہ پڑھیں، پھر دایاں پاؤں اندر رکھیں۔ یہ تھا احترام اور احترام کی انتہا۔ میرے والد صاحب اور ان کے محترم استاد حاجی ملک میاں محمد صاحب عالم فنا سے عالم بقا کی طرف روانہ ہو گئے ہیں۔ زندگی میں جب مجھے ان کے گھر جانے کا موقع ملا، دروازے پر میرے قدم رک گئے اور پھر میں اپنے والد صاحب کے فرمان کے مطابق اندر داخل ہوا۔ آپ خود اندازہ لگائیے کہ استاد کس پائے کے تھے اور شاگرد بھی کتنی محبت کرنے والے تھے۔

1947ء سے قبل مسلمانوں کے علاوہ ہندو اور سکھ بھی ان کی شاگردی میں رہے۔ ضلع بھر میں وظیفے کے امتحان میں جماعت کے تمام طلباء کو شرکت کروانے اور تقریباً سب سے زیادہ وظائف ان کے طلباء کے حصے میں آتے۔ زندگی بھر محنت محنت اور اپنے پیشے سے لگن ان کا شعار رہا۔ بحیثیت انسان ان کی شخصیت میں سادگی، سچائی، دیانت داری، محبت اور خلوص کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ آپ بہت مہمان نواز تھے۔ خصوصاً رات کے دسترخوان پر وہ یوں مہمان لازمی ہوتے تھے۔ اسی زمانے میں شام کے بعد نوشہرہ سے آگے گاڑی نہیں جاتی تھی۔ اس لیے آخری گاڑی پر آنے والے کئی لوگ آپ کے ہاں مہمان بنتے۔ اچھا کھانا اور اچھے بستر دیہاتوں کی خاندانی روایت تھی۔ اس وقت صرف نوشہرہ میں ہائی سکول تھا۔ کئی اچھے خاندانوں کے بچے اپنے کے ہاں مستقل رہتے تھے تاکہ وہ اپنی تعلیم مکمل کر سکیں۔ ان میں سے چند ایک قابل ذکر ہیں: ملک سعداللہ خان صاحب، ریٹائرڈ ایس پی، کھوڑا (ملک تنویر سلطان صاحب، کفری کے سسر)، ایڈووکیٹ ملک غلام نبی صاحب (اوگالی)، ایس ڈی او ملک محمود صاحب (اوگالی)، ملک امیر سلطان صاحب ولد ملک زمان صاحب، کفری (ملک تنویر سلطان صاحب کے والد محترم)، قریشی عبدالرحمٰن صاحب (سرکی) وغیرہ سب شامل ہیں۔

آپ ڈائری میں پسندیدہ اشعار درج فرماتے جن میں سے چند ایک بطور نمونہ یہاں درج کر رہی ہوں۔

آگیا تو آگیا کر باتوں میں کبھی
کون کرتا ہے کسی کو اب مرجانے کے بعد
روح جس وادی میں جا کر تن کا ساتھ چھوڑ دیتی ہے
درحقیقت وہیں سے منزل محبوب کا آغاز ہوتا ہے

سیاہ بختی میں کب کوئی کسی کا ساتھ دیتا ہے
کسا تاریکی میں سایہ بھی جدا انسان سے رہتا ہے

یہ اور اس طرح کے بہترین سبق آموز اشعار ان کی ڈائری کی زینت ہیں۔ میرا قلم ان کی ہمہ جہت شخصیت کا احاطہ نہیں کر سکتا۔ میں نے ان کی آغوش محبت میں آنکھ کھولی۔ انہی کے ہاتھوں میں پلی بڑھی۔ مجھے اس مقام پر لانے میں ان کا ہی ہاتھ ہے۔ میرے ہاتھ میں قلم تھمایا۔ میں آج جو کچھ بھی ہوں انہی کی رہین منت ہوں۔

اس دعا کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ انہیں غریق رحمت فرمائے، جنت الفردوس میں اعلیٰ سے اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اس کی قبر مبارک کو عالم برزخ میں جنت الفردوس کے باغوں میں سے ایک باغ بنائے۔ (آمین یارب العالمین)

ع۔ خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

PUNJAB HIGHWAY DEPARTMENT
TENDER NOTICE
سڑکیں بدل ، پنجاب خوشحل

The tenders for the following schemes are invited from Engineering firms/contractors on the item rates basis, as per PPRA E-Tendering System, inline with relevant PPRA Rules (amended up to date). According to these Rules, all the firms/contractors can participate in tendering process with following terms and conditions:-

1. The intending Contractors/Firms who have been registered with ***Pakistan Engineering Council*** in the relevant category/codes may participate.
2. The Contractors/Firms has to be registered on ***Punjab ppra website (www.punjab.eprocure.gov.pk).*** Any information/ procedure regarding registration can be seen/obtained from website ppra.punjab.gov.pk/e-procurement.
3. All intending contractors/ firms have to upload the earnest money in the form of CDR in favour of the Executive Engineer Road Construction Division Rawalpindi @2% of the estimated/ bid cost and fill rates against items of work on the same website upto half hour before the opening date and time of opening of tender. However, original CDR has to be submitted to the tender opening committee on the same day, half hour before the opening of bids otherwise, the firm/ contractor will be disqualified in presence of tender opening committee.
4. After filling the bids on website, contractors may attend the office of Commissioner Rawalpindi Division , Rawalpindi on 28/08/2024 at 02:30PM, where all bids will be retrieved and quoted rates/successful bidder will be announced in the presence of Tender Opening Committee.
5. In case of submission of any fake information/document such as CDR/receipt, the Contractor/Firm will be disqualified from the current tendering procedure and will be black listed to participate in any tendering process of C&W Department. Further recommendation to PPRA and PEC will also be made against such firm/contractor for appropriate action/ black listing.
6. The procuring agency may reject all bids or proposal at any time prior to acceptance of a Bid or proposals under PPRA Rule-35 (Rejection of Bids).
7. Rigid Pavement shall be laid by using concrete batching plant and concrete paving machine.
8. TST/DST/Surfacing shall be executed by mechanized system.
9. Recovery against credit of old material will be adjusted manually and accordingly bids will be evaluated.

Sr. No	Name of Work	T.S No. & Date	Completi on Period	Estimated Cost / Earnest Money	Opening Date & Time
1	Restoration / Improvement of Rawalpindi Kahuta Road Length = 18.77 Km, Tehsil Kahuta District Rawalpindi (Actual Length = 13.67/28.50 Km)	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 269/Plg, dt:1-08-24	Upto June 2025	Rs.348.217 M Rs. 6.964 M	28/08/2024 at 02 30 PM
2	Restoration / Improvement of Kahuta Karote Road Length = 29.00 Km (Section Jewera To Jhangar Length = 9.25 Km) Tehsil Kahuta District Rawalpindi.	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 270/Plg, dt:1-08-24	Upto April 2025	Rs.246.398 M Rs. 4.928 M	do
3	Restoration / Improvement of Kahuta Chowk Pindori Road Length = 13.25 Km, Tehsil Kahuta District Rawalpindi	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 271/Plg, dt:1-08-24	Upto April 2025	Rs.113.947 M Rs. 2.279 M	28/08/2024 at 02:30 PM
4	Restoration / Improvement of Kahuta Matore Road Length = 13.10 Km, Tehsil Kahuta District Rawalpindi.	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 272/Plg, dt:1-08-24	Upto April 2025	Rs.70.740 M Rs. 1.415 M	do
5	Restoration of Kahuta Lehtrar Road Length = 18 Km, Tehsil Kahuta District Rawalpindi	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 273/Plg, dt:1-08-24	Upto April 2025	Rs.80.002 M Rs.1.601 M	do
6	Restoration / Improvement of Matore Sadda Kamal Road Length = 14.10 Km, Tehsil Kahuta District Rawalpindi.	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 274/Plg, dt:1-08-24	Upto April 2025	Rs.137.530 Million Rs. 2.751 M	do
7	Restoration / Improvement of Doberan To Slamber Length = 8 Km, Tehsil Kahuta District Rawalpindi.	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 275/Plg, dt:1-08-24	Upto April 2025	Rs.102.292 M Rs. 2.048 M	do
8	Restoration of Lalu Ni Dheri To Telhi Syedan, Length = 7.00 Km, Tehsil Kahuta District Rawalpindi.	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 276/Plg, dt:1-08-24	Upto April 2025	Rs.226.331 M Rs. 4.527 M	do
9	Restoration / Improvement of Road From Habib chowk to Islampur Jabbar, Length = 11.00 Km (Km 11-3.75 = 7.25 Km) Tehsil Gujar Khan District Rawalpindi.	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 193/Plg, dt:1-08-24	Upto April 2025	Rs.181.377 M Rs. 3.644 M	do
10	Restoration / Improvement of Road From Gujar Khan Bewal Road, Length = 16.00 Km (Km 8.10 To 16 Km = 7.90 Km) Tehsil Gujar Khan District Rawalpindi.	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 192/Plg, dt:1-08-24	Upto April 2025	Rs.180.575 M Rs. 3.611 M	do
11	Restoration / Improvement of Mandra to Chowk Pindori Road, Tehsil Gujar Khan District Rawalpindi.	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 195/Plg, dt:1-08-24	Upto April 2025	Rs.63.744 M Rs. 1.275 M	do
12	Restoration of Mandra Chawkal Road, Length = 37.50 Km Tehsil Gujar Khan District Rawalpindi.	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 197/Plg, dt:1-08-24	Upto June 2025	Rs.315.923 M Rs. 6.318 M	do
13	Restoration / Improvement of Road From Bangali Gujjar To Gulyana Road, Length = 7.50 Km Tehsil Gujar Khan District Rawalpindi.	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 194/Plg, dt:1-08-24	Upto April 2025	Rs.95.385 M Rs. 1.908 M	do
14	Restoration / Improvement of Road From Sukho More To Dhoke Badal Road, Length = 17.00 Km Tehsil Gujar Khan District Rawalpindi.	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 196/Plg, dt:1-08-24	Upto June 2025	Rs.343.109 M Rs. 6.862 M	do
15	Restoration / Improvement of Gujar Khan Daulala Road Via Sukhu, Length = 19.00 Km Tehsil Gujar Khan District Rawalpindi.	C.E No.Restoration/ 2024-25/Rawalpindi/ 235/Plg, dt:1-08-24	Upto June 2025	Rs.359.143 M Rs. 7.183 M	do

Note: Any application received through courier/post or through email with not be considered/accepted

Executive Engineer
Road Construction Division
Rawalpindi

Superintending Engineer
Highway Circle 1
Rawalpindi

IPL-7502

شوبز SHOWBIZ

کوئین آف پاپ نازیہ حسن کی برسی 13 اگست کو منائی جائیگی

نازیہ حسن نے پندرہ سال کی عمر میں بھارتی فلم "قربانی" کے لیے گانا گایا تھا

